**Press Release**
**June 1, 2017**
***For immediate release***

# The SECP approves the draft Insurance Bill

ISLAMABAD, June 1: The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has approved the draft Insurance Bill, 2017, which has been sent to the Ministry of Finance (MoF) for its onward submission to the Ministry of Commerce to start the necessary legislative process.

The Bill has been formulated to institute significant reforms in the insurance regulatory framework to bring it on a par with the international standards and to ensure development of financially sound insurance sector where interests of policyholders are protected. The draft Insurance Bill has been formulated through extensive public consultations and due legal process.

The proposed reforms were presented to the Finance Minister in October 2016, and on his advice, the concept note on proposed significant reforms was shared with the industry stakeholders through the consultation sessions conducted in three major cities of Pakistan. Thereafter, the proposed framework was transformed in the form of draft Insurance Bill, which was issued for eliciting public opinion on December 28, 2016.

A large number of comments were received from various stakeholders such as insurance companies, insurance brokers, associations of insurance surveyors, Pakistan Societies of Actuaries and the Institute of Chartered Accountants of Pakistan. Subsequent consultation sessions were also conducted to discuss significant reforms proposed through the draft Insurance Bill. Based on the public comments and post-comments consultation sessions, the draft Bill was revised to make it more conducive for prevalent market dynamics without compromising on the spirit of reforms.

The salient proposed reforms include introduction of dedicated microinsurers, enabling provision for introduction of risk-based supervision framework (risk-based capital and risk-based solvency margin), provisions for regulation of takaful and retakaful, regulation of local and foreign reinsurance business for enhancement of local capacity, regulation of reinsurance brokers, flexibility for introduction of new intermediaries, introduction of concept of web aggregators, insurance repository, requirement of “appointed actuary” and product filing for non-life insurance.

The proposed Bill aims to create conducive regulatory environment to encourage market development, strengthen the regulatory framework to ensure alignment with the Insurance Core Principles (ICP) of the International Association of Insurance Supervisors (IAIS), address entity specific and systemic risks by phased shift towards risk-based supervision regime and to address the regulatory gaps in existing law.

# ایس ای سی پی نے انشورنس بل 2017 کے مسودہ کی منظوری دے دی

اسلام آباد (یکم جون) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے انشورنس بل 2017 کے مسودہ قانون کی منظوری دے دی ہے اور اسے وزارت خزانہ کو بھجوادیا گیا ہے تاکہ اسے قانون سازی کے ضروری مراحل کے لئے وزارت تجارت کو بھجوایا جائے۔

اس بل میں انشورنس انڈسٹری کے ریگولیٹری فریم ورک میں نمایاں اصلاحات لانے اور اسے بین الاقوامی معیارات سے ہم آہنگ کرنے اور مالی طور پر مستحکم بیمہ انڈسٹری کے قیام کے لئے کئی تجاویز شامل کی گئی ہیں۔ نئے مسودہ قانون میں بیمہ پالیسی ہولڈروں کے تحفظ کے لئے بھی کئی ایک اقدامات تجویز کئے گئے ہیں۔اس مسودہ قانون کی تیاری میں وسیع اور جامع مشاورت اور تمام قانونی تقاضے پورے کئے گئے ہیں۔

یادرہے کہ وفاقی وزیر خزانہ کی ہدایت پر ایس ای سی پی نے انشورنس کے شعبے میں اصلاحات لانے کے لئے ایک کانسیپٹ نوٹ پیش کیا گیا اوراس میں پیش کی گئی تجاویز پر بیمہ انڈسٹری اور دیگر شراکت داروں سے مشاورت کی گئی۔بعدازاں،اس مجوزہ فریم ورک کوانشورنس شعبے کے لئے نئے قانون کے مسودہ میں تبدیل کر دیا گیااور گزشتہ برس دسمبر میں عوامی مشاورت اور تجاویز کے لئے جاری کر دیا گیا۔ مشاورت کے عمل کے دوران سٹیک ہولڈرز مثلاًانشورنس کمپنیوں،انشورنس بروکروں،انشورنس سرویئرز کی ایسوسی ایشن اور انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کی جانب سے کئی تجاویزاور آراء موصول ہوئیں۔ ان تجاویز کو زیر غور لانے کے لئے سٹیک ہولڈروں کے ساتھ مشاورتی سیشن کئے گئے اور ان تجاویز کی روشنی میں مسودہ قانون کواز سر نو ترتیب دیا گیا۔

نئے مسودہ قانون میں تجویز کی گئی اہم اصلاحات میں مائیکروانشورنس کمپنیوں کو متعارف کروانا،رسک بیس سپرویژن، تکافل اورری تکافل شعبے کے لئے الگ اور جامع ریگولیٹری فریم ورک کی فراہمی، مقامی اور غیر ملکی ری انشورنس کمپنیوں کی ریگولیشن،انشورنس ریپازٹری کا قیام وغیرہ شامل ہیں۔ مجوزہ بل میں ایسے اقدامات تجویز کئے گئے ہیں جس سے ملک میں بیمے کے شعبے کو فروغ حاصل ہو گا ، پالیسی ہولڈروں کو تحفظ حاصل ہو گا،موجودہ قانون کی خامیوں کو دور کیا جائے گااوراس شعبے میں انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف انشورنس سپرویژن کے معیارات بھی قائم کئے جائیں۔